رمضان میں وترکی جماعت کون کرواسکتاہے؟

مجیب: ابواحمد محمدانس رضاعطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-1466

تاریخ اجراء: 15رمضان المبارک1444ھ/11اپریل2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

رمضان المبارک میں وتر کی جماعت کروائی جاتی ہے تو جس نے فرض جماعت کے ساتھ پڑھائے ہوں وتر کی جماعت بھی وہی کرائے یا کوئی اور بھی کراسکتا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جس نے فرض پڑھائے اس کے علاوہ دوسرا شخص وتر پڑھا سکتا ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔ فتاوی ہندیہ میں ہے ” جاز أن يصلي الفريضة أحدهما ويصلي التراويح الآخر وقد كان عمر - رضي الله تعالى عنه - يؤمهم في الفريضة والوتر وكان أبي يؤمهم في التراويح، كذا في السراج الوهاج“ ترجمہ: یہ جائز ہے کہ ایک شخص عشا کے فرض پڑھائے دوسرا تراویح۔ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عشا کے فرض کی امامت کرتے تھے اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تراویح کی۔ اسی طرح سراج الوہاج میں ہے۔(فتاوی ہندیہ، کتاب الصلاۃ، فصل فی التراویح، ج1، ص116، دار الفکر، بیروت)

نوٹ: ہاں اگر کسی نے عشاء کی نماز ہی جماعت سے نہ پڑھی ہو تو وہ وتر کی جماعت میں شامل نہ ہو، بلکہ تنہا پڑھے، لہذا یہ شخص وتروں کی امامت بھی نہ کروائے۔

ردالمحتار میں ہے "ثم رایت القهستانی ۔۔۔قال لكنه اذا لم يصل الفرض معه لا يتبعه فی الوتر اه" ترجمہ: پھر میں نے قہستانی میں دیکھا کہ اس نے کہا: لیکن جب عشاء کے فرض امام کے ساتھ نہ پڑھے ہوں تو وتر بھی امام کے ساتھ نہ پڑھے۔(ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، ج02، ص603، دار المعرفۃ، بیروت)

ردالمحتار کی اس عبارت کی وضاحت کرتے ہوئے امام اہلسنت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: "اقول معلوم ان الضمير فی قوله لا يتبعه للامام مطلقا لا لخصوص هذا الامام فان من صلی الفريضة منفردا ليس له ان يدخل

فی جماعۃ الوتر لا مع ھذا الامام ولا مع غیرہ فکذلک فی قولہ معہ" ترجمہ: میں کہتا ہوں یہ بات واضح ہے کہ "لایتبعہ" میں ضمیر کا مرجع خاص امام نہیں بلکہ مطلق امام ہے کہ کسی بھی امام کے ساتھ وتر نہیں پڑھے گا، کیونکہ جس نے فرض اکیلے پڑھے ہوں وہ کسی امام کے ساتھ وتر باجماعت نہیں پڑھ سکتا خواہ یہ امام ہو یا کوئی اور ہو، اور اسی طرح اس کے قول "معہ" میں بھی ضمیر کا مرجع عام ہے۔ (یعنی عشاء کے فرض کسی بھی امام کے پیچھے نہیں پڑھے۔) (فتاوی رضویہ، ج07، ص558،557، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net